روزنامہ
FR-10 (ٹیلی فون نمبر 047-6213029)

الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
پیر 6فروری 2012ء 13ربیع الاول 1433 ہجری 6 تبلیغ 1391ہش جلد 62-97 نمبر 31

بہترین شخص

آنحضرت ﷺ نے اپنے بعد آنے والی فتوحات کے نتیجہ میں امت کو فراخی اور اموال عطا ہونے کی خبر دیتے ہوئے نصیحت کے رنگ میں فرمایا کہ:

بہترین مسلمان وہ صاحب دولت شخص ہوگا جو مسکین، یتیم اور مسافر کا حق ادا کرے۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقہ علی الیتامیٰ حدیث نمبر 1372)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہماری جماعت کو سرسبزی نہیں آئے گی جب تک وہ آپس میں سچی ہمدردی نہ کریں۔ جو پوری طاقت دی گئی ہے۔ وہ کمزور سے محبت کرے۔ میں جو یہ سنتا ہوں کہ کوئی کسی کی لغزش دیکھتا ہے، تو وہ اس سے اخلاق سے پیش نہیں آتا، بلکہ نفرت اور کراہت سے پیش آتا ہے، حالانکہ چاہئے تو یہ کہ اس کے لئے دعا کرے۔ محبت کرے اور اسے نرمی اور اخلاق سے سمجھائے۔ مگر بجائے اس کے کینہ میں زیادہ ہوتا ہے۔ اگر عفو نہ کیا جائے۔ ہمدردی نہ کی جاوے۔ اس طرح پر بگڑتے بگڑتے انجام بد ہو جاتا ہے۔ خداتعالیٰ کو یہ منظور نہیں۔ جماعت تب بنتی ہے کہ بعض بعض کی ہمدردی کرے۔ پردہ پوشی کی جاوے۔ جب یہ حالت پیدا ہو تب ایک وجود ہو کر ایک دوسرے کے جوارح ہو جاتے ہیں اور اپنے تئیں حقیقی بھائی سے بڑھ کر سمجھتے ہیں۔ ایک شخص کا بیٹا ہو اور اس سے کوئی قصور سرزد ہو تو اس کی پردہ پوشی کی جاتی ہے اور اس کو الگ سمجھایا جاتا ہے۔ بھائی کی پردہ پوشی۔ کبھی نہیں چاہتا کہ اس کے لئے اشتہار دے۔ پھر جب خداتعالیٰ بھائی بناتا ہے تو کیا بھائیوں کے حقوق یہی ہیں؟ دنیا کے بھائی اخوت کا طریق نہیں چھوڑتے میں مرزا نظام الدین وغیرہ کو دیکھتا ہوں کہ ان کی اباحت کی زندگی ہے۔ مگر جب کوئی معاملہ ہو تو تینوں اکٹھے ہو جاتے ہیں فقیری بھی الگ رہ جاتی ہے۔ بعض وقت انسان جانور۔ بندر یا کتے سے بھی سیکھ لیتا ہے۔ یہ طریق نامبارک ہے کہ اندرونی پھوٹ ہو۔ خداتعالیٰ نے صحابہ کو بھی یہی طریق ونعمت اخوت یاد دلائی ہے۔ اگر وہ سونے کے پہاڑ بھی خرچ کرتے تو وہ اخوت ان کو نہ ملتی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ ان کو ملی۔..........خداتعالیٰ پر مجھے بہت بڑی امیدیں ہیں۔ اس نے وعدہ کیا ہے۔(۔) (آل عمران:56)

میں یقیناً جانتا ہوں کہ وہ ایک جماعت قائم کرے گا جو قیامت تک منکروں پر غالب رہے گی۔ مگر یہ دن جو ابتلا کے دن ہیں اور کمزوری کے ایام ہیں۔ ہر ایک شخص کو موقع دیتے ہیں کہ وہ اپنی اصلاح کرے اور اپنی حالت میں تبدیلی کرے۔ دیکھو ایک دوسروں کا شکوہ کرنا، دل آزاری کرنا اور سخت زبانی کر کے دوسرے کے دل کو صدمہ پہنچانا اور کمزوروں اور عاجزوں کو حقیر سمجھنا سخت گناہ ہے۔ اب تم میں ایک نئی برادری اور نئی اخوت قائم ہوئی ہے۔ پچھلے سلسلے منقطع ہو گئے ہیں۔ خداتعالیٰ نے یہ نئی قوم بنائی ہے جس میں امیر غریب بچے جوان بوڑھے ہر قسم کے لوگ شامل ہیں۔ پس غریبوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے معزز بھائیوں کی قدر کریں اور عزت کریں اور امیروں کا فرض ہے کہ وہ غریبوں کی مدد کریں ان کو فقیر اور ذلیل نہ سمجھیں، کیونکہ وہ بھی بھائی ہیں گو باپ جدا جدا ہوں مگر آخر تم سب کا روحانی باپ ایک ہی ہے اور وہ ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں۔

(ملفوظات جلد دوم ص 264)

نماز گناہوں کو مٹاتی ہے

''حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: بھلا بتلاؤ تو اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر پانی کی نہر بہتی ہو اور وہ ہر روز پانچ بار اس میں نہائے تو کیا تم سمجھتے ہو کہ اس کا اس میں پانچ بار نہانا اس کے بدن پر کچھ میل کچیل باقی رکھے گا؟ لوگوں نے کہا: نہیں ذرا بھی میل نہیں رکھے گا۔ آپؐ نے فرمایا: پس یہی پانچوں نمازوں کی مثال ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ گناہوں کو مٹا دے گا۔''

(صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ الخمس کفارۃ)

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2011ء مرسلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

نمایاں کامیابی

مکرم راجہ فاضل احمد صاحب دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بیٹے مکرم راجہ منصور احمد صاحب مقیم Coventry یو۔ کے نے Warwick یونیورسٹی یو۔ کے سے محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے کیمسٹری میں پی۔ ایچ۔ ڈی میں اعزاز کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے۔ عزیزم اس سے قبل بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان سے ایم ایس سی کیمسٹری، قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے ایم فل کیمسٹری اور Warwick یونیورسٹی یو۔ کے سے ایم ایس سی کیمسٹری فرسٹ ڈویژن میں پاس کر چکا ہے۔ موصوف محترم مولانا عبدالرحمٰن صاحب انور مرحوم پرائیویٹ سیکرٹری کا نواسہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور دین و دنیا کی خدمت اور نمایاں کامیابیوں سے نوازتا رہے۔ آمین

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

13 فروری 2012ء

12:35 am	رئیل ٹاک
1:40 am	فوڈ فار تھاٹ
2:10 am	جلسہ سالانہ جرمنی
3:15 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 10 فروری 2012ء
4:25 am	رفقائے احمد
5:00 am	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:15 am	تلاوت قرآن کریم
5:35 am	یسرنا القرآن
6:00 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
6:35 am	لقاء مع العرب
7:45 am	فوڈ فار تھاٹ
8:15 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 10 فروری 2012ء
9:25 am	رفقائے احمد
9:55 am	فیتھ میٹرز
11:05 am	تلاوت قرآن کریم
11:40 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
12:15 pm	ہمارا آقا
12:50 pm	گلشن وقف نو
2:00 pm	فرنچ پروگرام
3:00 pm	انڈونیشین سروس
4:15 pm	حضرت مصلح موعود کی زندگی
5:00 pm	تلاوت قرآن کریم
5:15 pm	بین الاقوامی جماعتی خبریں
6:00 pm	بنگلہ سروس
7:00 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 28 اپریل 2006ء
8:15 pm	حضرت مصلح موعود کی زندگی
9:00 pm	درس حدیث
9:20 pm	راہ ھدیٰ
11:00 pm	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:30 pm	عربی سروس

14 فروری 2012ء

12:35 am	لقاء مع العرب
1:40 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
2:15 am	گلشن وقف نو
3:15 am	حضرت مصلح موعود کی زندگی
4:00 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 28 اپریل 2006ء
5:00 am	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:20 am	تلاوت قرآن کریم
5:30 am	ہمارا آقا
6:05 am	ان سائیٹ
6:20 am	لقاء مع العرب
7:25 am	آرٹ نمائش
8:05 am	فرنچ پروگرام
9:15 am	ہمارا آقا
9:55 am	جلسہ سالانہ جرمنی 2008ء
11:00 am	تلاوت قرآن کریم اور درس ملفوظات
11:30 am	ان سائیٹ
12:15 pm	یسرنا القرآن
1:00 pm	گلشن وقف نو
1:50 pm	سوال و جواب
3:00 pm	انڈونیشین سروس
4:00 pm	سندھی سروس
5:20 pm	تلاوت قرآن کریم اور درس ملفوظات
5:35 pm	درس ملفوظات
5:45 pm	ان سائیٹ
6:00 pm	بنگلہ سروس
7:00 pm	خدام الاحمدیہ یوکے اجتماع
8:00 pm	یسرنا القرآن
8:25 pm	گفتگو پروگرام
9:05 pm	Toowoomba Flower Carnival 2007
9:35 pm	راہ ھدیٰ
11:10 pm	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:30 pm	Beacon of Truth (سچائی کا نور)

15 فروری 2012ء

12:35 am	عربی سروس
1:35 am	ان سائیٹ
2:00 am	گلشن وقف نو
2:50 am	خدام الاحمدیہ یوکے اجتماع
4:00 am	رئیل ٹاک
5:00 am	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:15 am	تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
5:50 am	الترتیل
6:30 am	لقاء مع العرب
7:30 am	عربی سیکھئے
8:00 am	فوڈ فار تھاٹ
8:45 am	سوال و جواب
9:55 am	خدام الاحمدیہ یوکے اجتماع 2008ء
11:00 am	تلاوت قرآن کریم
11:15 am	پاکستان کے حسین نظارے
12:00 pm	یسرنا القرآن
12:20 pm	چلڈرن کلاس
1:35 pm	سوال و جواب
2:50 pm	انڈونیشن سروس
3:55 pm	سواحیلی سروس
5:00 pm	تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
5:35 pm	الترتیل
6:05 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 12 مئی 2006ء
7:00 pm	بنگلہ سروس
8:05 pm	چلڈرن کلاس
9:30 pm	فقہی مسائل
10:15 pm	پاکستان کے حسین نظارے
11:00 pm	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:20 pm	سوال و جواب

16 فروری 2012ء

12:30 am	رئیل ٹاک
1:35 am	الترتیل
2:05 am	فقہی مسائل
2:40 am	چلڈرن کلاس
3:50 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 12 مئی 2006ء
5:00 am	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:20 am	تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
6:00 am	فقہی مسائل
6:35 am	لقاء مع العرب
7:40 am	پاکستان کے حسین نظارے
8:15 am	رئیل ٹاک
9:40 am	الترتیل
10:10 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 12 مئی 2006ء
11:00 am	تلاوت قرآن کریم
11:35 am	Beacon of Truth (سچائی کا نور)
12:50 pm	فیتھ میٹرز
1:55 pm	ہیومینیٹی فرسٹ۔پاکستان میں سیلاب 2010ء
3:00 pm	انڈونیشین سروس
4:00 pm	پشتو سروس
4:50 pm	تلاوت قرآن کریم
5:05 pm	یسرنا القرآن
5:35 pm	بنگلہ سروس
6:45 pm	ترجمۃ القرآن
7:55 pm	ہیومینیٹی فرسٹ
9:15 pm	روحانی خزائن کوئیز
9:40 pm	فیتھ میٹرز
10:45 pm	ایم ۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:15 pm	مجلس انصاراللہ یوکے اجتماع 2008ء

بنی نوع انسان سے سلوک

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

میں ان لوگوں کے متعلق (دین حق) کی تعلیم پیش کرتا ہوں جن سے انسان کسی قسم کا ذاتی تعلق نہیں رکھتا۔ چنانچہ اس قسم میں سب سے اول تو یتامیٰ اور مساکین ہیں۔ گو یتیم اور مسکین ایک رشتہ دار بھی ہوسکتا ہے۔ لیکن چونکہ یتیم اور مسکین کے ساتھ سلوک کرنے میں (دین حق) نے کوئی شرط نہیں لگائی کہ وہ کن میں سے ہو اس لئے میں ان کو عام مخلوق کے عنوان کے نیچے ہی رکھتا ہوں۔ کیونکہ اکثر اوقات جن یتامیٰ اور مساکین سے پالا پڑتا ہے وہ غیر ہی ہوتے ہیں۔ ان دونوں قسموں کے متعلق (دین حق) میں نہایت وسیع احکام ہیں۔ ...... یتامیٰ اور مساکین سے نیک سلوک کرنے کا (دین حق) میں نہایت زور سے حکم دیا گیا ہے۔ ......اس جگہ صرف یہ بات ہی لکھ دینی کافی ہوگی کہ قرآن کریم یتامیٰ کے ساتھ نیک سلوک نہ کرنے کو ان اعمال میں سے قرار دیتا ہے جن کا نتیجہ ذلت و رسوائی ہوتا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے کہ بعض لوگوں پر عذاب آتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ خدا نے ہمارے ساتھ یہ معاملہ کیوں کیا ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ ان کی نسبت فرماتا ہے......(الفجر:18) یہ بات نہیں جو تم کہتے ہو بلکہ بات یہ ہے کہ تم یتامیٰ کی خبر گیری نہیں کرتے تھے بلکہ ان کو بے بس دیکھ کر ان کی طرف التفات ہی نہ کرتے تھے۔ مساکین کی نسبت فرماتا ہے کہ ان سے حسن سلوک نہ کرنا ان افعال میں سے ہے جو انسان کو دوزخی بنا دیتا ہے۔ چنانچہ بعض جہنمیوں کی نسبت فرماتا ہے ولا یحض ...... (الحاقہ:36,35) چونکہ وہ مساکین کی خبر گیری کی تحریک نہیں کرتے تھے اس لئے خدا تعالیٰ نے بھی ان کی مدد نہ کی ورنہ خدا تعالیٰ ان کو عذاب سے بچاتا۔

ان احکام میں سے جو (دین حق) نے عام بنی نوع انسان کے متعلق دیئے ہیں ایک یہ بھی ہے کہ اگر کوئی شخص اتفاقاً کسی انسان کی بدی پر آگاہ ہو جائے تو اس پر پردہ ڈال دے۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں ...... (مسند احمد بن حنبل جلد 2 ص389) یعنی کوئی بندہ کسی بندہ کا کوئی عیب چھپائے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیب چھپائے گا۔

اسی طرح یہ تعلیم ہے کہ کسی انسان سے بھی ایک (مومن) کو سود لینا جائز نہیں بلکہ اگر کوئی حاجتمند ہو تو جہاں تک ہوسکے اس کی مدد کرے یا اسے قرض دے کہ سود ایک زیادتی ہے جو ایک انسان دوسرے انسان پر کرتا ہے۔ کیونکہ جس وقت اس کا ایک بھائی حاجتمند ہوتا ہے اس وقت وہ اس سے اور مال بھی چھیننا چاہتا ہے۔......

اسی طرح (دین حق) بنی نوع انسان کی ہمدردی کے لئے یہ حکم بھی دیتا ہے کہ اگر کوئی شخص عام راستہ پر کوئی ایذاء دینے والی چیز دیکھے تو اسے چاہیئے کہ اسے راستہ سے ہٹا کر پرے کر دے۔ مثلاً عین راستہ میں کوئی پتھر پڑا ہے کانٹے دار درخت کی شاخیں پڑی ہیں جن سے چلنے والوں کے گرنے یا زخمی ہونے کا خطرہ ہے تو چاہیئے کہ ان کو وہاں سے ہٹا کر ایک طرف کر دیا جائے۔

(اسلام اور دیگر مذاہب۔ انوار العلوم جلد 3 ص 281)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

محمد طاہر ندیم صاحب۔عربی ڈیسک یو۔کے

مصالح العرب۔عرب اور احمدیت

قسط نمبر 33

مکرم محمد کُردی صاحب

اس وقت کے احمدیوں میں ایک استاذ محمد کردی صاحب بھی تھے جن کی عمر اُس وقت 50 سال کے لگ بھگ تھی۔ وہ باقاعدگی سے حضور کی خدمت میں خط ارسال کرتے تھے۔علم اعداد سے انہیں خاصی دلچسپی تھی۔ یہ دوست ٹیچر تھے۔ ان کے دو چھوٹے بچے تھے۔ ہم ان کے پاس اکثر جایا کرتے تھے۔اچھے کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ جب میں 1991ء میں دوبارہ مصر گیا تو معلوم ہوا کہ وہ بچے بڑے ہو چکے تھے اور احمدیت سے دور چلے گئے تھے جبکہ کُردی صاحب خود آخر دم تک احمدیت پر قائم رہے۔شاید بچوں کے احمدیت سے دور ہونے کی وجہ یہ بھی تھی کہ کُردی صاحب کی بیوی غیر احمدی تھیں۔ کُردی صاحب کے ساتھ بھی میرا ایک بہت دلچسپ واقعہ ہے۔

جب میں پاکستان سے مصر روانہ ہونے لگا تو میرے تخصّص کے ٹیوٹر مکرم ملک مبارک احمد صاحب نے نصیحت کی کہ وہاں جا کر صرف فُصحٰی عربی بولنا اور لوکل زبان بالکل نہ بولنا کیونکہ اس میں قواعد کا خیال نہیں رکھا جاتا۔لہٰذا میں نے مصر پہنچتے ہی سب کو کہہ دیا کہ میرے ساتھ فُصحٰی عربی ہی بولا کریں۔احمدی احباب نے اس کی مکمل تائید کی اور تجویز دی کہ چونکہ کردی صاحب پرائمری سکول کے ٹیچر بھی ہیں تو ان سے مدد لی جائے۔ان کے پاس گئے تو انہوں نے فرمایا کہ یہ کام ابھی شروع کر دیتے ہیں۔ انہوں نے ایک اخبار سے مجھے ایک پیراگراف پڑھنے کیلئے کہا۔چونکہ خدا کے فضل سے جامعہ میں عربی کا معیار بہت اچھا ہوتا ہے اور میں نے تو پھر عربی تخصص بھی مکرم ملک مبارک احمد صاحب سے پڑھا تھا اس لئے میں نے بڑی آسانی سے اسے پڑھ لیا تو وہ بولے انہیں ہماری کسی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔

مکرم فتحی ناصف صاحب

پھر ایک اور احمدی اس وقت وہاں موجود تھے جن کی عمر اس وقت 75 یا 80 سال ہو گی۔ ان کا نام فتحی ناصف صاحب تھا۔ان کا ایک بیٹا بھی تھا جو اس وقت ازہر میں پڑھتا تھا۔فتحی صاحب خود تو کبھی کبھار آجایا کرتے تھے لیکن ان کا بیٹا کبھی نہیں آیا۔عمومًا ان کی باتوں میں ایک ڈر سا تھا اس لئے اکثر پیچھے پیچھے ہی رہتے تھے۔حالانکہ اس وقت وہ سب سے پرانے احمدی تھے۔غالبًا حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب اور مولانا ابوالعطاء صاحب کے زمانہ کے احمدیوں میں سے وہی باقی تھے۔

مکرم محمد بسیونی صاحب

مکرم محمد بسیونی صاحب سابقہ صدر جماعت مصر ان دنوں بیمار تھے اور اپنی بہن کے پاس رہتے تھے کیونکہ انہوں نے شادی نہیں کی تھی۔ میں نے عمرو عبدالغفار صاحب سے محترم بسیونی صاحب سے ملاقات کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ چنانچہ ہم ملنے کے لئے گئے لیکن ایک کمرے میں ہی بیٹھ کر واپس آ گئے کیونکہ ان کی طبیعت اس وقت بہت خراب تھی۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد ان کی وفات ہو گئی۔ یوں ان سے ملاقات نہ ہو سکی۔ مکرم عمرو عبدالغفار صاحب نے ان کی بہن سے ان کے بعض تفاسیر اور دیگر کتب وغیرہ کے تراجم لے کر محفوظ کر لئے تھے جو بسیونی صاحب نے اپنی صحت کی حالت میں کئے تھے۔ بعد میں ان تراجم میں سے بعض چھپ بھی گئے۔قبل ازیں ان کے یہ تراجم البشریٰ میں بکثرت چھپتے رہے ہیں۔ بہرحال ایک بات جو یہاں کہنی چاہئے یہ ہے کہ اگر جماعت مصر کے چند لوگ جماعت کے ساتھ چمٹے رہے یا وقتًا فوقتًا وہاں کوئی اکّا دُکّا احمدی ہوتے رہے تو اس میں مکرم بسیونی صاحب کا بہت بڑا دخل تھا۔ آپ نے مسلسل مرکز سے رابطہ رکھا اور جماعت کی طرف سے کوئی خط یا رسالہ یا مضمون یا ریویو آف ریلیجنز کا کوئی شمارہ بھی ان کے ہاتھ لگتا تو فورًا ترجمہ کر کے ساری جماعت میں پھیلا دیتے تھے۔

خاکسار (محمد طاہر ندیم) عرض کرتا ہے کہ ان پرانے احمدیوں نے اپنے ملکوں میں مذہبی آزادی کے زمانے میں اس قدر فدائیت اور اخلاص کے ساتھ دن رات کام کئے ہیں کہ ایسے لگتا ہے کہ دعوت الی اللہ کی لگن اور مصروفیت نے یا تو انہیں اپنی شادی کے بارہ میں سوچنے ہی نہیں دیا یا عین ممکن ہے خود ہی اس وجہ سے شادی نہ کی کہ شادی تو بعد میں بھی ہو سکتی ہے جبکہ ابھی کام کرنے کی عمر ہے اور یہ کام کرنے کا وقت ہے اس لئے اگر ابھی شادی کی تو کہیں بیوی اور بچے ان کے اس کام اور خدمت میں حائل نہ ہو جائیں۔اس کی ایک مثال بسیونی صاحب مصر میں تھے اور دوسری مثال مکرم منیر الحصنی صاحب شام میں تھے۔مکرم منیر الحصنی صاحب نے ساری جوانی دعوت الی اللہ اور احمدیوں کی تربیت میں گزار دی۔ مرکز جماعت ہی ان کا گھر تھا، یا شاید یہ کہنا مناسب ہو کہ ان کا گھر ہی مرکز جماعت تھا اور افراد جماعت احمدیہ ان کا خاندان۔ ان کی تربیت اور دعوت الی اللہ ان کے روزانہ کے لازمی کام ہوتے تھے۔ بعد میں انہوں نے بڑھاپے میں شادی کی۔ لیکن ان کی کوئی حقیقی اولاد تو نہ پیدا ہوئی تاہم لاتعداد اپنی روحانی اولاد چھوڑ کے گئے جو آج تک ان کا ذکر کرتے ہیں تو ان کی آنکھیں ڈبڈبا جاتی ہیں، آوازیں بھرّا جاتی ہیں۔لیکن جب ان کے ملکوں میں پابندیاں لگیں اور خفیہ پولیس کے کارندوں نے احمدیوں کو بلا بلا کر دھمکایا اور مراکز احمدیت پر پہرے بٹھا دیئے گئے اور احمدیوں کو وہاں جانے سے باز رہنے کا مطالبہ کیا گیا اور بصورت دیگر کبھی جیل جانے کی دھمکی دی تو کبھی قتل کی، تب یہ لوگ اپنے گھر کے ہو کر رہ گئے اور اس وجہ سے بچوں میں بھی احمدیت کو راسخ نہیں کر پائے جس کی وجہ سے اکثر کی اولادیں ان کے ساتھ احمدیت پر قائم نہ رہیں۔ پھر جب ایک لمبے عرصہ کے بعد جماعت کی سرگرمیاں دوبارہ شروع ہونے لگیں تو یہ پرانے احمدی ابھی تک پرانے خوف سے نہیں نکل پائے تھے شاید یہ وجہ تھی کہ ان میں سے بعض پیچھے پیچھے رہتے تھے۔ ورنہ فتحی ناصف صاحب تو مجلّہ البشریٰ میں مضامین لکھا کرتے تھے اور بڑے مخلص احمدی تھے۔

عربی لہجہ اپنانے کی ہدایت

مصر میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا مجھے یہ ارشاد موصول ہوا کہ ہماری جماعت میں عربی دان تو بہت ہیں لیکن عربوں کے سٹائل میں اور ان کے لہجے کے ساتھ بات کرنے والا کوئی نہیں ہے۔اس لئے عربوں میں بیٹھیں ان سے گفتگو کریں اور دیکھیں کہ وہ کس طرح بات کرتے ہیں پھر ان کے سٹائل اور لہجہ کو اپنائیں۔ چنانچہ میں نے اس کے بعد مسلسل چھ ماہ صرف تلفظ درست کرنے پر لگائے۔ شروع میں میرے تلفظ کے خراب ہونے کی وجہ یہ تھی کہ ہمارے اساتذہ کا بھی تلفظ ایسا ہی تھا یا اس طرف کوئی خاص توجہ نہیں تھی۔ صرف مکرم نورالحق صاحب تنویر کا تلفظ عربوں کی طرح ہوتا تھا لیکن اپنی جہالت کی وجہ سے ہم اسے تکلّف کا نام دیتے تھے۔

اب اس ضمن میں مجھے ایک اور واقعہ بھی یاد آ گیا غالبا یہ 1980ء یا 1981ء کی بات ہے کہ جامعہ احمدیہ کے ہال میں حضرت مسیح موعود کی عربی کتاب ''سیرۃ الابدال'' کی شرح پر مشتمل لیکچر ہوتا تھا جس میں جماعت کے بڑے بڑے علماء بھی شریک ہوتے تھے۔ مجھے یاد ہے اس میں ایک دفعہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے بھی کھڑے ہو کر جماعت کے ایک عالم سے پوچھا کہ عربی زبان میں ''ض'' کا تلفظ کیا ہے؟ اس سوال کے جواب سے حضور کو اطمینان نہ ہوا۔ جب حضور انور کی طرف سے مجھے عربی تلفظ سیکھنے کا ارشاد موصول ہوا تو مجھے یہ واقعہ بھی یاد آ گیا۔ چنانچہ میں نے وہاں سے ایک کتاب بھی خریدی جس کا نام ''الإمْلاَء والتّقْدِيْم'' تھا۔اس کتاب میں ہر حرف کی آواز کے بارہ میں تصویری رنگ میں راہنمائی کی ہوئی تھی کہ کہاں اس حرف کا مخرج ہے۔اور جب میں یہاں لندن آیا تو جامعہ میں پیش آنے والے اس واقعہ کا ذکر کر کے یہ کتاب حضور انور کی خدمت میں پیش کی۔ حضور نے فرمایا مجھے ملیں۔ ملاقات میں حضور نے فرمایا کہ مجھے باقی حروف کے تلفظ کا تو پتہ ہے لیکن یہ بتائیں کہ ''ض'' کا تلفظ کس طرح ادا ہوتا ہے؟ چنانچہ اس بارہ میں جو بھی مجھے علم تھا اس کی بنا پر حضور انور کی خدمت میں وضاحت پیش کی۔

اس واقعہ سے حضور کی طلب علم کی پیاس کا علم ہوتا ہے اور اس میں ہم سب کے لئے ایک نمونہ ہے۔

میرے قیام مصر کے دوران مکرم نصیر احمد قمر صاحب نے جو ان دنوں حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری تھے مجھے لکھا کہ جو بھی ترجمہ کرو حضور انور کی خدمت میں بھجوایا کرو تا حضور انور کو بھی علم ہوتا رہے کہ آپ کس سٹیج پر پہنچے ہیں اور اگر حضور انور اس سلسلہ میں ہدایات سے نوازیں تو انہی خطوط پر چل کر حضور کی دعائیں اور برکتیں بھی حاصل ہوتی رہیں۔ نیز نصیحت کی کہ ٹائپ کرنا سیکھو اور اپنے تراجم اچھی طرح ٹائپ کر کے ارسال کیا کرو۔ چنانچہ اس نصیحت پر عمل کرتے ہوئے میں نے ٹائپنگ سیکھی جس کا بعد میں بہت فائدہ ہوا۔

جماعت احمدیہ مصر کے ایک بڑے مخلص ممبر تھے اور سب سے زیادہ مدد اور تعاون بھی کرنے والے تھے۔ یہ دوست مختلف امور میں بکثرت اپنی رائے اور مشورہ دیتے تھے لیکن ایک بات تھی کہ اپنی رائے یا مشورہ کو منوانے کیلئے اکثر بہت زیادہ اصرار کیا کرتے تھے اور اس وقت تک دہراتے رہتے تھے جب تک ان کی بات مان نہ لی جائے۔ اس موضوع پر ایک دن میں نے خطبہ جمعہ میں بات کی اور کہا کہ مشورہ دینے والے کی ذمہ داری مشورہ دینے کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔ مرکزی نمائندہ ان تمام مشوروں اور آراء کی روشنی میں جو بہتر خیال کرے وہ فیصلہ کر سکتا ہے۔کوئی اسے اپنی رائے ہی پر عمل کرنے پر مجبور نہ کرے۔ شاید میں نے اس خطبہ میں کافی سختی سے کام لیا۔رات کو خواب میں حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب کو دیکھا۔ انہوں نے مجھے نصیحت فرمائی کہ عربوں سے نرمی اور محبت کے ساتھ تعامل کیا کریں کیونکہ سختی سے یہ لوگ بدک جاتے ہیں۔

یہ میرے مصر کے ابتدائی ایام کی بات تھی اورالحمدللہ کہ شروع میں ہی اس قسم کی نصیحت مل جانے سے بعد میں مجھے بہت فائدہ ہوا۔

محترم حلمی الشافعی صاحب کا انکسار

مکرم حلمی الشافعی صاحب میرے وہاں جانے کے ایک سال بعد مصر واپس آئے۔ قبل ازیں وہ کسی عرب ملک میں اپنے کام کے سلسلہ میں قیام پذیر تھے۔ حلمی صاحب کے آنے کے باوجود بھی خطبہ جمعہ میں ہی دیتا رہا۔ لندن سے ''النصر'' نامی ایک رسالہ وہاں جاتا تھا جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطبات کا خلاصہ ہوتا تھا۔ میں اس کا ترجمہ کرتا تھا اور حلمی صاحب اس کو بہتر کر دیا کرتے تھے بلکہ یہ کہنا درست ہوگا کہ تقریباً نیا ترجمہ ہی کر دیا کرتے تھے۔ ایک عجیب بات جو میں نے اس عظیم انسان میں دیکھی وہ آج تک کسی اور عرب میں نہیں دیکھی اور وہ یہ کہ وہ بہت بڑے دل کے مالک تھے۔ سارا ترجمہ خود کر کے میرے نام لگا دیتے تھے۔ بعض اوقات کسی خاص لفظ یا کسی خاص امر میں میں نے اگر کوئی تحقیق کی ہوتی اور حلمی صاحب کے سامنے کسی سیاق میں ذکر کر دیتا تو فرمایا کرتے کہ مومن صاحب میں تو آپ سے عربی سیکھتا ہوں۔ اور یہ بات ایسی ہے جو کوئی عام عربی نہیں کہہ سکتا۔ یہ حلمی صاحب کی تواضع کا اعلیٰ مقام تھا۔

حلمی صاحب کا دل بہت بڑا دل تھا۔ ان میں جود و سخا کی صفت بہت زیادہ تھی۔ اگر آپ ان کے ہزاروں کے بھی مقروض ہوں تو حلمی صاحب کبھی باتوں یا اشارہ کنایہ میں آپ کو محسوس نہیں ہونے دیتے تھے کہ آپ ان کے مقروض ہیں۔ حتی الوسع قرض واپس نہیں مانگتے تھے اور اگر بفرض محال مانگنا پڑ بھی جائے تو اتنے باشرم وحیا تھے کہ خود کبھی نہیں مانگا۔ بلکہ کسی کی وساطت سے یہ بات کہتے تھے۔ ان کی اس صفت کی وجہ سے انہوں نے کافی نقصان بھی اٹھایا۔

حلمی صاحب اپنے کام کے سلسلہ میں کئی عرب ممالک میں رہے تھے اور جب میں مصر گیا تو اس وقت وہ ابوظہبی میں تھے۔ آپ کی پہلی بیوی فوت ہوگئی تو آپ نے اپنی بیوی کی چھوٹی بہن سے دوسری شادی کر لی۔ آپ کی اس بیوی نے حج کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اس وقت تک وہ غیر احمدی ہی تھیں اور حجاب وغیرہ نہیں اوڑھتی تھیں۔ حلمی صاحب نے ان سے کہا کہ خانہ کعبہ تو خدا کا گھر ہے اس کے کچھ آداب ہیں۔ اس لئے اگر تم وعدہ کرو کہ حجاب پہنو گی تو میں تمہیں حج کے لئے لے جاتا ہوں۔ چنانچہ اس طرح انہوں نے حجاب پہننا شروع کر دیا۔ پھر 1987ء میں انہوں نے احمدیت بھی قبول کر لی۔

مکرم حلمی صاحب کہا کرتے تھے کہ میں علمی اعتبار سے احمدیت کی حجت و برہان کی قوت سے احمدیت قبول کر چکا تھا لیکن احمدیت کا حقیقی علم مجھے اس وقت ہوا جب میں ابوظہبی میں احمدیوں کے ساتھ رہا اور خلافت کے مرتبہ کا پتہ اس وقت لگا جب میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے ملا اس وقت حضور بیمار تھے اور سارا ربوہ آپ کے لئے رو رو کر دعائیں کر رہا تھا۔ اس وقت مجھے خلافت کی عظمت کا احساس ہوا۔ اور خلیفۂ وقت کا عرفان اس وقت نصیب ہوا جب مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ساتھ بیٹھنے کا موقعہ ملا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ذکر کرتے ہوئے حلمی صاحب کی آواز بھرّا جاتی تھی اور اکثر آخری عمر میں کہا کرتے تھے کہ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ حضور مجھ سے اتنا پیار کیوں کرتے ہیں۔

حلمی صاحب ابھی مصر میں ہی تھے کہ آپ کو وقف کرنے کی توفیق ملی۔ اس وقت حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی طرف سے آپ کو جواب آیا کہ ٹھیک ہے آپ کا وقف قبول ہے۔ آپ فی الحال وہیں جماعت کے لئے جو کر سکتے ہیں کریں۔ بعد میں جب ہمیں آپ کی کسی اور امر کے لئے ضرورت ہوگی تو آپ کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

جب میں یہاں لندن آیا تو جلسہ سالانہ کے موقعہ پر حضور انور کی خدمت میں درخواست کر کے حضور کی اجازت سے حلمی صاحب کو بلوا لیتے تھے۔ حلمی صاحب نہ صرف مجلّہ التقویٰ میں ہماری بہت زیادہ مدد کرتے تھے بلکہ اپنے قیام کے دوران کسی نہ کسی کتاب کا ترجمہ بھی کر جاتے تھے۔ ایک جلسہ پر آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب ''مذہب کے نام پر خون'' کا ترجمہ کیا۔ اسی طرح ''اک مرد خدا'' (A Man Of God) کے کچھ حصہ کا ترجمہ کیا۔

بعد میں 1994ء میں حضور انور نے انہیں یہیں لندن میں بلا لیا۔ آپ اسلام آباد میں رہتے تھے اور اپنی وفات یعنی 1996ء تک یہیں رہے۔

مجھے اپنے بیٹوں کی طرح سمجھتے تھے اور اکثر گھر بلا کے بٹھا لیتے تھے۔ اسلام آباد میں ہی آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب ''اسلام اور عصر حاضر کے مسائل کا حل'' (Islam's response to Contemporary Issues) کا عربی ترجمہ کیا۔ جب آپ یہ ترجمہ کر رہے تھے تو مجھے ایک دفعہ ترجمہ پڑھا کر رائے لی۔ میں نے عرض کیا کہ اس میں کسی قدر انگریزی محاورہ کا دخل محسوس ہوتا ہے۔ آپ نے کچھ توقف کے بعد فرمایا: کہاں ہے؟ میری نشاندہی پر فرمانے لگے بالکل ٹھیک ہے۔ ایسے ہی آپ کو لگتا ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ یہ کتاب حضور کی ہے اور ترجمہ کرنے والی شخصیت آپ کی ہے۔ آپ جو بھی فائنل کریں گے وہی فائنل متصور ہوگا۔ آپ نے مجھ سے پوچھا تو میرا کام ہے کہ دیانتداری سے جو رائے بنتی ہے وہ آپ کو دوں۔ لہٰذا میں نے جو محسوس کیا وہ کہہ دیا۔ آگے آپ کی مرضی ہے۔ اگلے دن مجھے بلا کر کہنے لگے کہ مومن! میں اپنی بیوی کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ تم مجھے عربی سکھاتے ہو۔

دو ممتاز ترجمان۔ حلمی صاحب اور ملک خلیل الرحمٰن صاحب

جب حضور انور نے مجھے رسالہ التقویٰ کا ایڈیٹر بنایا تو میرے پاس چھاپنے کیلئے عربی مواد کی کمی ہوتی تھی۔ مکرم حلمی صاحب کو یہاں لندن سے ملک خلیل الرحمٰن صاحب کا حضور انور کے خطبہ جمعہ کا انگریزی ترجمہ ارسال کیا جاتا تھا جس سے حلمی صاحب عربی ترجمہ کر کے بھیج دیتے تھے۔ میں اس کو اردو کے ساتھ ٹیلی کر کے چھاپ دیتا تھا۔ حلمی صاحب کے ترجمہ کی ایک نمایاں خوبی یہ تھی کہ ان کو جیسے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی روح سے ایک تعلق تھا۔ وہ حضور کی بات اور اس سے مراد مکمل طور پر سمجھ جاتے تھے اور اس کا بعینہٖ وہی ترجمہ کرتے تھے جو در حقیقت مطلوب ہوتا تھا۔ وہ حضور کا سٹائل اور طرز سمجھ جاتے تھے حتی کہ بعض اوقات مترادفات میں بھی وہی الفاظ استعمال کرتے تھے جو حضور نے اردو میں استعمال کئے ہوتے تھے۔ اس میں مکرم ملک خلیل الرحمٰن صاحب مرحوم کا بھی بڑا دخل ہوتا تھا کہ وہ انگلش ترجمہ اتنا اعلیٰ اور حضور انور کے الفاظ کے قریب کرتے تھے کہ حلمی صاحب اس سے عربی میں جو ترجمہ کرتے وہ اصل اُردو کے بھی قریب تر ہوتا تھا۔

مکرم نصیر احمد قمر صاحب بیان کرتے ہیں کہ: میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے پرائیویٹ سیکرٹری کے طور پر خدمت بجالا رہا تھا۔ ان دنوں مکرم ملک خلیل الرحمٰن صاحب حضور کے خطبات کا انگریزی میں رواں ترجمہ کرتے تھے۔ بعد میں حضور کے حسب ہدایت وہ خطبہ کو سن کر تحریری طور پر بھی نوٹس بنا کر دوبارہ ترجمہ کی ڈبنگ (Dubbing) کرتے تھے۔ میں نے دیکھا کہ انہوں نے اپنے نوٹس بڑے تفصیلی بنائے ہوتے تھے بلکہ ایک لحاظ سے وہ حضور کے خطبہ کا تحریری ترجمہ ہوتا تھا۔ مجھے خیال آیا کہ حضور انور نے دعوت الی اللہ کے لئے پوری دنیا میں ایک ہلچل سی مچا دی ہے لہٰذا اگر یہ انگریزی ترجمہ حلمی صاحب کو بھجوایا جائے تو وہ اس کا عربی میں ترجمہ کر سکتے ہیں یوں عربوں میں بھی حضور انور کے خطبات پہنچنا شروع ہو جائیں گے۔ لہٰذا میں مکرم ملک صاحب سے وہ ترجمہ لے کر خود ہی حلمی صاحب کو پوسٹ کر دیا کرتا تھا اور حلمی صاحب اسے عربی میں ترجمہ کر کے مومن صاحب کو بھیج دیا کرتے تھے۔ ملک خلیل الرحمٰن بھی بڑی محنت سے تحریری ترجمہ تیار کرتے تھے اور حلمی صاحب بھی اس انگریزی ترجمہ سے عربی میں ترجمہ کا حق ادا کرتے تھے کہ ایسے لگتا تھا کہ عربی ترجمہ حضور انور کے اردو خطبہ کو براہ راست سن کر کیا گیا ہے۔

مکرم عبدالمومن طاہر صاحب بیان کرتے ہیں کہ: مختلف عرب غیر احمدیوں کی طرف سے سوالات اور اعتراضات آتے تھے ان کے جوابات بھی مکرم حلمی صاحب دیا کرتے تھے۔ اکثر لمبے لمبے جوابات ہوتے تھے جن کو بعد میں ہم ''التقویٰ'' میں شائع کر دیتے تھے۔ خطبہ جمعہ کے ترجمہ اور سوالات کے جوابات کے علاوہ ''التقویٰ'' کے اکثر مضامین میں بھی حلمی صاحب کا کسی نہ کسی طرح حصہ ہوتا تھا اور حقیقت یہ ہے کہ مجلّہ ''التقویٰ'' وہی چلا رہے تھے۔

پھر مکرم حلمی صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشاد پر مختلف ممالک کے دورہ جات بھی کرتے تھے۔ مثلاً نائیجیریا اور مالی بھی دورہ پر گئے۔ نیز جرمنی اور یورپ کے دیگر ممالک اور انگلینڈ میں دوروں پر جاتے اور سوال وجواب کی مجالس منعقد کیا کرتے تھے۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ ہمارے بعض عرب احمدیوں کو نہ جانے کیوں اپنی کتابیں تالیف کرنے کا شوق ہے۔ جبکہ حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء کا تحریر و تقریر پر مشتمل اس قدر مواد انگریزی میں میسر ہے اس کا ترجمہ کیوں نہیں کرتے۔ ایک صدی گزر چکی ہے اور ہم ابھی تک اس مواد کا عشر عشیر بھی عربوں تک نہیں پہنچا سکے۔ اس لئے اب جلدی کرنی چاہئے۔ لہٰذا آپ دن رات ترجمہ کے کام میں مصروف رہتے۔

حلمی صاحب باوجود اس کے کہ خدا کے فضل سے کروڑ پتی تھے لیکن چھوٹی سے چھوٹی چیز کے ضیاع کے بھی سخت خلاف تھے۔ مثلاً اکثر کہا کرتے تھے کہ آپ کاغذ کی ایک طرف استعمال کر کے پھینک دیتے ہیں جبکہ ہم نے اس کی دونوں اطراف کے پیسے دیئے ہیں۔ اس لئے ان کے اکثر تراجم ایسے اوراق پر کچی پنسل سے لکھے ہوئے ہیں جن کی ایک طرف پہلے سے استعمال شدہ ہے۔ اور وہ آج تک ہماری عربی ڈیسک کی فائلز میں محفوظ ہیں۔

قدیم عرب احمدیوں کی اولادوں کے ضائع ہونے کا سبب

جب میں مصر آنے لگا تو جامعہ احمدیہ میں ہمارے استاد محترم نور الحق صاحب تنویر نے (جو خود مصر میں تعلیم حاصل کرتے رہے ہیں) مجھے بعض قدیم مصری احمدیوں کے نام دیئے تھے کہ ان سے جا کر ملنا۔ ان میں سے ایک مکرم عبدالحمید ابراہیم آفندی تھے جو سکندریہ میں رہتے تھے۔

باقی صفحہ 6 پر

مکرم رانا عبدالرزاق خاں صاحب

اردو زبان فقیروں کا لگایا ہوا پودا ہے

دہلی کے شہرہ آفاق صوفی حضرت خواجہ میر دردؒ دہلوی (1721ء-1785ء) نے ایک بار فرمایا۔

''اے اردو گھبرانا نہیں تو فقیروں کا لگایا ہوا پودا ہے۔ خوب پھلے پھولے گی۔ تو پروان چڑھے گی۔ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ قرآن حدیث آ کر تیری آغوش میں آرام کریں گے۔ بادشاہی قانون اور حکیموں کی طباعت تجھ سے آئے گی۔ اور تو سارے ہندوستان کی آواز مانی جائے گی۔''

(میخانہ درد صفحہ 152-153 مرتبہ جناب ناصر نذیر فراق ساکن کوچہ چیلاں بارہ دری خواجہ میر درد دہلی حیدر برقی پریس دہلی اشاعت مارچ 1910ء)

برصغیر کے صوفیائے عظام نے اردو کے پودے کی جس شان وشوکت سے آبیاری کی اور اسے سدا بہار درخت بنانے میں پوری عمر کی صلاحیتیں صرف کر دیں۔ اس کی تفصیل پاکستان کے مورخ و دانشور جناب ڈاکٹر سلیم اختر کے قلم سے ہدیہ قارئین کی جاتی ہے۔ فرماتے ہیں۔

مشرقی تہذیب اور ثقافت میں دربار مرکز کی حیثیت رکھتا ہے اور بادشاہ وقت کی ذات اس کی زندہ علامت، چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ مخصوص ادوار میں مخصوص اصناف کی ترقی یا تنزل میں دربار اور شاہ کا بالواسطہ تعلق ضرور رہا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بادشاہ کی سرپرستی اور مربیانہ دلچسپی سے فنکار پرورش پاتے تھے اور ادب وفن کو ترقی حاصل ہوتی اتفاق سے دکن میں ادب دوست اور ادب پرور بادشاہوں کی کمی نہ رہی اس لئے اردو ادب نے جلد ہی منازل ترقی طے کر لیں۔ گو شاہانِ بہمنی (748ھ-932ھ) سے اردو ادب کے آثار تلاش کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن اصل ترقی قطب شاہی خاندان (916ھ-1098ھ) اور عادل شاہی خاندان (898ھ-1097ھ) کے بادشاہوں کی ادب پروری کی مرہون منت ہے۔ گولکنڈہ کے قطب شاہی خاندان کے بیشتر بادشاہ خود بھی شاعر تھے اور اسی لئے ان کے دربار میں علماء، فضلاء اور ادباء دور دور سے کھنچ کھنچ کر آتے اور کمالِ فن کی داد پاتے۔ جبکہ بیجاپور میں عادل شاہی خاندان کے بیشتر بادشاہوں نے تو اردو کو (جو اس وقت ''دکھنی'' کہلاتی تھی) سرکاری زبان مقرر کیا۔ سرکاری سرپرستی کے ساتھ ساتھ بلکہ زیادہ بہتر تو یہ کہ اس سے بھی پہلے صوفیاء کرام نے رشد وہدایت کے لئے جب اس مقامی زبان کو اپنا وسیلہ بنایا تو تبلیغ دین کے ساتھ ساتھ بالواسطہ طور سے اردو کی خدمت بھی کر گئے ...... عوام کی سطح پر آ کر عوامی زبان سے بڑھ کر اور کوئی ذریعہ اظہار زیادہ مؤثر نہیں ہوسکتا۔ علاوہ ازیں بعض صوفیاء شاعری اور موسیقی کا بھی اعلیٰ مذاق رکھتے تھے۔ اس لئے نادانستہ طور سے وہ حمد وثناء اور اخلاقی پرچار میں ادب بھی تخلیق کرتے گئے۔ اس ضمن میں صوفیاء کو محض جنوبی ہند سے مخصوص نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ ہندوستان بھر میں وہ تبلیغ کے ساتھ ساتھ اردو زبان کی مقبولیت اور ادب کی ترقی کا باعث بھی بنے۔ چنانچہ مولوی عبدالحق کی تالیف اردو کی ابتدائی نشو ونما میں صوفیاء کرام کا حصہ کے مطالعہ سے اس امر کا اندازہ لگانا دشوار نہیں رہتا۔ مولوی مرحوم اردو کے اولین نمونوں کے سلسلہ میں لکھتے ہیں۔

''افسوس کہ باوجود تلاش کے ہمیں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کا کوئی معتبر قول ہندی زبان میں نہیں ملا۔ لیکن ان کی عالمگیر مقبولیت کو دیکھتے ہوئے یقینی امر ہے کہ وہ ہندی زبان سے ضرور واقف تھے کیونکہ ہندو بھی مسلمانوں سے کم ان کے معتقد نہیں'' ہندا لولی'' کی ترکیب اور ''غریب نواز'' کا لقب خود ان کی عام مقبولیت کی صاف شہادت دے رہے ہیں۔ البتہ شیخ فریدالدین گنج شکرؒ کے متعدد مقولے ملتے ہیں۔ (ص9) اس ضمن میں ان صوفیا کرام کے اسماء گنوائے جا سکتے ہیں۔ حضرت سید محمد حسینی بندہ نواز گیسو دراز (1422ء-1321ء) ''معراج العاشقین'' معروف ترین تصنیف ہے۔ ان کے والد محترم شاہ راجو یا سید راجہ۔ متوفی 731ھ ہندی کے شاعر تھے۔ شاہ میراں جی شمس العشاق پیدائش 1496ء (خوش نامہ، ارشاد نامہ، شہادت الحقیقت) ان کے فرزند شاہ امین الدین اعلیٰ (رموز السالکین) شیخ عبدالقدوس گنگوہی (945ھ 860ھ) محبوب عالم شیخ جیون متوفی 1004ء (فقہ ہندی، محشر نامہ) شاہ برہان الدین جانم وفات (1583ء) شاہ علی محمد جیو گام دھنی (وفات 972ء) زین الدین الہٰ آبادی متوفی (771ھ) سید محمد اکبر حسینی متوفی (823ھ) صدرالدین چشتی متوفی 876ھ عبداللہ حسینی متوفی 838ھ میراں جی حسن خدا نما متوفی 1070ھ میراں یعقوب متوفی 1078ء شیخ حمیدالدین ناگوری، حضرت بوعلی قلندر، امیر خسرو، شیخ لطیف الدین دریا نوش، شیخ سراج الدین عثمان، شیخ شرف الدین یحییٰ منیری، شاہ برہان الدین، شیخ احمد لکھنو، قطب عالم، شاہ عالم سید محمد جونپوری، شیخ بہاؤالدین باحق، شاہ محمد غوث گوالیاری، شیخ علی متقی، شیخ رزق اللہ، شیخ وجیح الدین، احمد العلوی، شیخ بہاؤلدین برناوی، سید شاہ ہاشم الحسنی العلوی، سید میراں حسینی، قاضی محمود دریائی، بیر پوری، میاں خوب محمد چشتی، بابا شاہ حسین اور شاہ محمد معشوق اللہ۔

(رسالہ جواہر الاسرار)

صوفیاء کی یہ فہرست تمام ہندوستان پر محیط ہے اگر جنوبی ہند کے صوفیاء کی تخصیص کرتے ہوئے اردو کی ابتدائی نشو ونما میں ان کا مقام متعین کرنا ہو تو بقول رام بابو سکینہ جہاں تک کہ قدیم ترین نمونے اس وقت تک دریافت ہوئے ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ نثر اردو کی تاریخ آٹھویں صدی ہجری سے شروع ہوتی ہے...... شیخ عین الدین گنج العلم متوفی 795ھ کی تصانیف اور ''معراج العاشقین'' مصنفہ خواجہ گیسو دراز گلبرگوی جو اگرچہ کوئی ادبی حیثیت نہیں رکھتی مگر پھر بھی اس زمانہ کی زبان کا حال بخوبی اس سے معلوم ہوتا ہے۔ اور آپ کے نواسے سید محمد عبداللہ الحسینی، نے حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر کے رسالہ ''نشاط العشق'' کو دکھنی میں ترجمہ کیا۔ اسی طرح شاہ میراں جی شمس العشاق بیجاپوری نے شرح ''مرغوب القلوب'' لکھی اور ان کے فرزند شاہ برہان الدین جانم متوفی 990ھ نے متعدد کتابیں لکھی ہیں جن میں سے دو کے نام ''جل ترنگ'' اور ''گل باس'' ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے اردو کی نشو ونما میں صوفیاء کے کردار اور اس کی لسانی اہمیت پر ان الفاظ میں تبصرہ کیا ہے۔

''یہ صوفیاء کرام برّعظیم کے مختلف علاقوں میں رشد وہدایت کی روشنی پھیلا رہے ہیں۔ بابا فرید گنج شکرؒ ملتان کے رہنے والے ہیں، شیخ حمید الدین ناگوری وسط ہند کے، بوعلی قلندر پنجاب دہریانہ کے، شیخ شرف الدین یحییٰ منیری بہارو بنگال کے، امیر خسرو دہلی کے، اور شیخ عبدالقدوس گنگوہی اودھ کے۔ جو پنجاب میں تھا۔ اس کی زبان پر وہاں کی بولی کا اثر ہے۔ جو بہار میں تھا اس کی زبان پر ماگدھی کا اثر ہے اور کسی پر برج بھاشا کا اثر ہے۔ اور کسی پر کھڑی بولی کا اثر ہے۔ کسی پر سرائیکی کا اثر ہے۔ تو کسی پر زبان گجرات کا۔ لیکن بحثیت مجموعی اس زبان کا کینڈا، رنگ ڈھنگ بنیادی طور پر ایک ہے۔ اور ابھی چونکہ یہ زبان اپنی تشکیل کے عبوری دور سے گزر رہی ہے۔ اس لئے یہ اثرات الگ الگ دیکھے اور محسوس کئے جا سکتے ہیں۔ ان نمونوں سے اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ زبان اس دور میں ضرورت کی زبان بن کر سارے برعظیم میں پھیل چکی تھی (اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ صفحہ 74 تا 77 ناشر سنگ میل پبلیکیشن اردو بازار لاہور طبع ششم 1980ء)

(الفضل ربوہ 9 ستمبر 2011ء صفحہ 2)

زبان اردو اور جماعت احمدیہ

اردو ایک زندہ زبان ہے اردو زبان کی تاریخ، اس کی فصاحت و بلاغت اور اس کی خوبصورت اور شیریں زبان کا ملخص کسی شاعر نے خوبصورت اور جامع الفاظ میں بیان کیا ہے۔

گلریز و گلستاں ہے میری زبان اردو
صورت گر جناں ہے میری زبانِ اردو
آزاد کی حکایت اقبال کا فسانہ
غالب کی داستاں ہے میری زبانِ اردو

اردو زبان کی تاریخ میں آزاد، غالب اور اقبال بلاشبہ اُن ادباء وشعرا میں شمار کئے جاتے ہیں۔ جنہوں نے اپنے اپنے وقت میں اپنے کلام کے ذریعہ اردو زبان کو ایک نئی زندگی بخشی۔ اہل لکھنؤ اور اہالیان دلی کا اس زبان پر گرانقدر احسان ہے۔ جنہوں نے ریختہ کو اپنے خون سے سینچا اور آج یہ جو شجر سایہ دار نظر آتا ہے۔ تو ان دو بڑے شہروں کے ادیبوں کا کمال اور محنت ہے۔ اس نوزائیدہ زبان نے مرور زمانہ کے کئی مشکل ادوار بھی دیکھے مگر اس کے ساتھیوں نے بھی اس کا بھرپور ساتھ دیا۔ یہاں تک کہ آخری دور مغلیہ میں اس زبان کو دربار شاہی تک رسائی مل گئی تھی۔ سرسید نے بھی اس کی کافی خدمت کی اور یوپی کے صوبے نے تو اسے خوب پروان چڑھایا۔ پاکستان بننے کے بعد یہ پہلی بار کسی ملک کی قومی زبان ٹھہری۔ مگر پھر بھی پاکستان کے دور دراز دیہی علاقوں تک اس زبان کی رسائی مشکلات کا شکار رہی اور لوگوں نے اپنی علاقائی زبانوں کو مقدم رکھا۔ یہ قدرتی امر ہے۔ پاکستان میں تو خوب اسے ترویج وترقی ملی۔ تعلیمی اداروں اور نصاب تعلیم نے بھی اسے خوب پنپنے کا موقع فراہم کیا۔

مگر دیار غیر میں بین الاقوامی طور پر اس کے فروغ کے لئے ایک تنظیم نے بے بہا خدمات انجام دی ہیں۔ جس کی مثال ساری دنیا کی تنظیموں میں تلاش بسیار کے بعد بھی ملنا ناممکن ہے۔ میری مراد جماعت احمدیہ سے ہے جس نے ساری دنیا کے 200 سے زائد مختلف ممالک میں اس زبان میں بھی اور دیگر زبانوں میں کروڑوں قرآن مجید اور دینی کتب اور لٹریچر کروڑوں ہوٹلز، لائبریریوں کی زینت بنایا۔ جماعت احمدیہ کے دوسرے خلیفہ حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد نے قرآن مجید کی معرکۃ الآراء تفاسیر اردو میں لکھیں اور ہزاروں خطبات اردو زبان میں دیئے اور اردو زبان کو چار چاند لگا دیئے۔ اب ساری دنیا کے ممالک سے سینکڑوں ادبی اور دینی اردو زبان میں روزنامے ہفت روزے، ماہنامے، سہ ماہانہ اور سالانہ سوونیئر اور مجلّہ جات شائع ہوتے ہیں جن کے ناموں کے

تذکرے کے لئے یہ سطور نا کافی ہیں۔

جماعت کا ہر عالم جو کہ اگر پاک و ہند کا خواندہ ہے تو اردو زبان کا بھی بے شک عالم ہوتا ہے۔ اردو زبان کا دینی لٹریچر ہر وقت اپنے ساتھ رکھتا ہے۔اور دین حق کی ترویج کے ساتھ ساتھ اردو کی ترقی کے لئے ہمہ تن مصروف رہتا ہے۔آج کے زمانہ میں عالمی معیار کا اردو ایم ٹی اے پر دیکھا اور سنا جاتا ہے جو کہ دنیا کے سب برّ اعظموں میں یک وقت دین حق کی تعلیم فراہم کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔جماعت احمدیہ کے امام کا ہر جمعہ کا خطبہ اردو میں ہوتا ہے۔کسی بھی ملک کے اپنے 200 سے زائد ممالک میں سفارت خانے موجود نہیں۔ یہ اعزاز صرف جماعت احمدیہ ہی کو حاصل ہے کہ منظّم طریقے سے دنیا کے اکثر ممالک میں دین حق کی طرف دعوت اردو سے لے کر دنیا کی سب اہم زبانوں میں قرآن کریم،احادیث، کے تراجم پیش کرنے میں پیش پیش ہے۔

بیشک اردو زبان کو پرورش کرنے کا سہرا آج سے سو سال قبل بہتوں کے سر رہا ہے مگر ایک صدی سے جماعت احمدیہ نے جو اس زبان کی خدمت کی ہے۔وہ اظہر من الشّمس ہے اور آج اگر انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو اس لشکری زبان کا صرف اور صرف ایک ہی جرنیل ہے جس کے ذریعہ نہ صرف نئی زندگی حاصل ہوئی بلکہ اس زبان کو پڑھنے اور لکھنے والوں نے بھی ایک نئی زندگی پائی اور وہ اس زمانہ کے مسیح موعود حضرت مرزا غلام احمد قادیانی ہیں۔اردو زبان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آخری زمانے میں شیطان کو بکلی طور پرنا کام کرنے کے لئے اس لشکری زبان کا انتخاب کیا ہے۔اور اپنے جری اللہ کو اس لشکری زبان کا جرنیل مقرر کر کے اس کے ہاتھ میں ذوالفقار کا کام کرنے والا قلم سونپ کر اسے سلطان القلم کے لقب سے نوازا اور بالآخر اس موید من اللہ کے قلم سے اردو زبان میں وہ زندگی بخش کلام پیدا ہوا جس کے ذریعہ آج تک ایک جہاں اس سرچشمہ حیات تک رسائی حاصل کرتا چلا جا رہا ہے۔ اور انہیں نئی زندگی حاصل ہو رہی ہے۔کیونکہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب اور تاقیامت آپ کے آنے والوں غلاموں کا یہی کام ہے کہ:۔

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

ان خزائن کا بیان ہونا ہی اس زبان کی وسعت،کمال اور اہمیت کو ظاہر کر رہا ہے۔اردو ایک عالمی زبان ہے۔ایک اندازہ کے مطابق اردو زبان 104 ملین سے زائد لوگوں کی زبان تسلیم کی گئی ہے۔حقیقت یہ ہے کہ حضرت اقدس مسیح موعود کی بعثت سے اس زبان کو ایک عالمی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔ہمارے امام ہمام حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ دنیا کے کسی ملک سے نشر ہوتو وہ اردو زبان میں ہی نشر ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ دنیا کی آٹھ بڑی زبانوں میں نشر ہوتا ہے۔اور دنیا کے تمام برّ اعظموں میں کروڑ ہا احمدی اسے سن کر مستفید ہوتے ہیں اس طرح اب ساری دنیا میں زبان اردو کی آبیاری بہتر رنگ میں یہ پاک جماعت کر رہی ہے۔اس طرح آج سے اڑھائی سو سال پہلے حضرت خواجہ میر دردؒ نے پیشگوئی کے رنگ میں فرمائے تھے وہ اس جماعت کے ذریعے پورے ہو رہے ہیں۔

دہریوں کی دعا

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

گزشتہ جنگ عظیم کے دوران میں ایک موقع پر انگریزی کیبنٹ مشورہ کر رہی تھی کہ فلاں محاذ پر گولہ بارود کی جو کمی ہے اس کے متعلق کیا کیا جائے۔اِس لئے وزراء مشورہ کر رہے تھے کہ لارڈ ینگ کمانڈر اِنچیف افواج کا تار وزیر اعظم کو ملا کہ اب آخری وقت آن پہنچا ہے، جرمنی نے پورے زور سے آخری حملہ کر دیا ہے اور آپ کی امداد کا وقت نہیں رہا، اب آخری اور فیصلہ کُن جنگ ہو رہی ہے۔مسٹر لائڈ جارج نے جو اُس وقت وزیر اعظم تھے جب یہ تار پڑھا تو دوسرے وزراء سے مخاطب ہو کر کہا کہ دوستو! تدبیروں کا وقت جاتا رہا، اِس وقت ہماری فوج دیوار سے پیٹھ لگائے (یہ انگریزی محاورہ ہے آخری جِد وجُہد کے متعلق) مقابلہ کر رہی ہے اب سوائے خدا کے ہماری کوئی مدد نہیں کر سکتا، آؤ اس سے التجاء کریں اور یہ کہہ کر وہ گھٹنوں کے بل گِر کر دعا میں مشغول ہو گئے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو دہریہ کہلاتے ہیں اور جن کا خدا تعالیٰ پر نہایت ہی قلیل ایمان ہے۔

(خطابات شوریٰ جلد2 ص95)

بقیہ صفحہ 4 مصالح العرب

سکندریہ کا قاہرہ سے فاصلہ قریباً دو سے اڑہائی سو میل کا تھا۔ جب حلمی صاحب مصر آئے تو ان کے پاس کار تھی۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ اس قدیم احمدی سے ملنے جانا ہے۔ چنانچہ ایک دن ہم وہاں گئے ۔مکرم عبدالحمید صاحب کے گھر سے پتہ کیا تو کسی خاتون نے کہا کہ آپ ظہر کے بعد آئیں۔ہم بازار میں گئے اور دوپہر کا کھانا وغیرہ کھایا۔ وہاں میں نے پہلی بار دیکھا کہ مکرم حلمی صاحب اس قدر زیادہ مرچ کھاتے ہیں کیونکہ آپ ایک لقمے کے ساتھ تقریبا آدھی سبز مرچ کھا جاتے تھے۔ بہر حال جب ہم دوپہر کے کھانے کے بعد دوبارہ عبدالحمید صاحب کے گھر گئے تو یہ جان کر بہت صدمہ ہوا کہ وہ کچھ عرصہ قبل وفات پا چکے تھے۔ان کے بچوں کو احمدیت کا کچھ علم نہ تھا صرف یہ کہتے تھے کہ ایک دفعہ ہمارے والد صاحب ہندوستان میں کسی ولی اللہ سے ملنے گئے تھے۔

اس واقعہ کا میرے دل و دماغ پر گہرا اثر ہوا۔ میرے خیال میں عرب احمدیوں کی اولادوں کے ضائع ہو جانے کے دو اسباب تھے۔ایک تو حالات کی وجہ سے وہاں جماعت کی طرف سے مربی کا نہ بھجوا سکنا تھا۔جبکہ دوسرا سبب خود عربوں کی عادت ہے کہ اپنے بیوی بچوں کے بارہ میں اس قدر دینی امور کا اہتمام نہیں کرتے جتنا خود اپنے لئے کرتے ہیں۔اس لئے جب وہ فوت ہوتے تھے تو ساتھ ہی گھر سے احمدیت کا خاتمہ ہو جاتا تھا۔لیکن اب خدا کے فضل سے یہ مزاج بدل رہا ہے۔

مصر میں مجھے حضور انور کا خطاب بعنوان ’’قتل مرتد کی سزا کی حقیقت‘‘ بغرض ترجمہ ارسال کیا گیا جو حضور نے 1986ء کے جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقعہ پر ارشاد فرمایا تھا۔اس کے ترجمہ کے دوران میں نے دیکھا کہ بعض حوالے نامکمل ہیں۔ چنانچہ حضور انور کی خدمت میں جب لکھا تو آپ نے فرمایا کہ تمام ایسے حوالے مکمل کریں اور اس کے علاوہ بھی اگر کوئی آپ کا مشورہ ہو تو ضرور لکھیں۔

بہر حال میں نے کتاب ترجمہ کر کے ٹائپ کر کے مکرم حلمی صاحب کو دکھائی تو انہوں نے ترجمہ کی تحسین ایسے کی کہ کچھ کا کچھ بنا دیا گویا نیا ترجمہ ہی کر دیا۔لیکن یہ ان کی بڑائی ہے کہ اپنی اس ساری محنت کو میری طرف ہی منسوب کیا۔اللہ تعالیٰ انہیں اپنی بے پایاں مغفرت ورحمت میں لپیٹ لے۔

اسی انسٹیٹیوٹ کا واقعہ ہے کہ ہم ایک دفعہ اس کی لائبریری میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک بڑے جُبّے والے مولوی سے اس کے ایک طالبعلم نے پوچھا کہ افنُلْزِ مُکُمُوْھا کونسا صیغہ ہے اور اس کی ترکیب کیا ہے۔مولوی نے جواب دینے کی بجائے اسے کہا کہ الاتقان فی علوم القرآن اور اس طرح کی دیگر کتب لے کے آؤ۔اس دوران میں نے اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے ایک طالبعلم سے کہا کہ یہ قواعد کی اصطلاح میں اشباع کہلاتا ہے۔ یعنی در اصل نُلْزِمُکُمْھا ہے جو کہ پڑھنا مشکل ہے اس لئے میم کی جزم کو پیش میں تبدیل کر کے اس کو اشباع کرتے ہوئے واؤ میں بدل دیا گیا ہے۔ بہر حال سائل جب مطلوبہ کتب لے آیا تو اس میں یہی بات مذکور تھی۔لیکن مولوی نے اپنی طرف سے تو ایک لفظ نہیں بتایا تھا۔شاید اپنی خفگی مٹانے کے لئے یا علمیت جتانے کیلئے کہا: شُفْتَ الْعِلْم ؟ یعنی دیکھا میں نے تجھے کیسا عظیم الشان علمی نقطہ نکال کے دیا ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہاں سب علماء کا یہی حال تھا۔بعض بڑے پائے کے عالم تھے۔ان میں سے مجھے اپنے عربی کے استاد بہت پسند تھے۔ وہ عربی زبان کے عاشق تھے اور ہمیشہ فُصْحٰی بولتے تھے۔لیکن اس کے بالمقابل فقہ کے استاد تھے جو ہمیشہ عامیہ زبان میں ہی پڑھاتے تھے۔ میں نے کئی بار کہا بھی کہ میں پاکستان سے فُصْحٰی عربی سیکھنے آیا ہوں ۔اس پر وہ ایک دو جملے فُصْحٰی کے بولتے لیکن پھر اپنی ڈگر پر آ جاتے۔اس پر مستزاد یہ کہ وہ سگریٹ پیتے تھے اور کلاس میں بھی اس شغل سے باز نہیں آتے تھے۔

ازہری عالم کی معذرت اور ٹیکسی ڈرائیور کا اصرار

اسی طرح ایک دفعہ ہمارے مخلص احمدی مکرم ابراہیم بخاری صاحب نے کہا کہ میرا ایک دوست ہے جس نے ازہر سے ایم اے کیا ہوا ہے۔ میں آپ کا اس سے تعارف کروا دیتا ہوں آپ وقتاً فوقتاً اس کے پاس چلے جایا کرنا اور اپنی فُصْحٰی کی پریکٹس کر لیا کرنا۔ہم اس سے ملنے گئے تو ایک دو جملوں کے بعد اس نے بخاری صاحب سے کہا کہ میں معذرت خواہ ہوں کہ میں فُصْحٰی نہیں بول سکتا۔اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ ان کی ساری تدریس ہی عامیہ زبان میں ہوتی تھی۔حتی کہ کیمسٹری فزکس وغیرہ کے مضامین بھی عامیہ زبان میں پڑھائے جاتے تھے۔

اسی سیاق میں مجھے ایک اور واقعہ یاد آ گیا۔ ایک دفعہ میں ایک ٹیکسی میں سوار ہوا اور خاموشی سے بیٹھا ہوا تھا کہ ٹیکسی ڈرائیور نے مجھ سے باصرار پوچھا کہ آپ بولتے کیوں نہیں ہیں؟ وہاں عمومًا ٹیکسی ڈرائیور باتوں باتوں میں فری ہو جاتے تھے اور بعد میں زیادہ کرائے کا مطالبہ کرتے تھے۔ بہر حال میں نے اس کے سوال کے جواب میں کہا کہ میں تو یہاں پر فُصْحٰی عربی سیکھنے آیا ہوں لیکن اکثر لوگ یہاں پر عامیہ ہی بولتے ہیں۔ اس نے کہا میں آپ کے ساتھ فُصْحٰی ہی بولوں گا آپ بات کریں۔ چنانچہ راستے میں وہ بہت اچھی فُصْحٰی بولتا رہا۔میں نے اسے کہا کہ آپ ٹیکسی ڈرائیور نہیں ہو سکتے۔اس نے انکار کیا لیکن جب میں ٹیکسی سے اترنے لگا تو اس نے کہا کہ تمہاری بات درست ہے۔ میں ٹیکسی ڈرائیور نہیں ہوں بلکہ میں وکیل ہوں لیکن وکالت سے میرا گھر نہیں چل سکتا اس لئے فارغ وقت میں ٹیکسی چلاتا ہوں۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 108236 میں فہیم سعد

ولد شمیم احمد قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 565GB ضلع فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-08-13 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔فہیم سعد گواہ شد نمبر 1 اعجاز احمد ولد محمد اسلم گواہ شد نمبر 2 تمین جان ہمایوں ولد ہمایوں رفیق

مسل نمبر 108237 میں فرحان احمد

ولد عارف احمد قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 565GB ضلع فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-08-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔فرحان احمد گواہ شد نمبر 1 آصف احمد ولد نذیر احمد گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد ولد محمد اسلم

مسل نمبر 108238 میں ثمرین شمشاد

بنت شمشاد احمد قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121/JB گوکھووال ضلع فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-08-26 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 5.660 گرام مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ثمرین شمشاد گواہ شد نمبر 1 شمشاد احمد ولد حاجی محمد انور علی گواہ شد نمبر 2 فواد احمد ولد شمشاد احمد

مسل نمبر 108239 میں فائزہ انور

بنت محمد انور قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-09-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 30 ملی گرام مالیت-/17000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔فائزہ انور گواہ شد نمبر 1 محمد انور ولد چوہدری غلام رسول گواہ شد نمبر 2 محمد عثمان ولد محمد انور

مسل نمبر 108240 میں منصورہ یوسف

بنت محمد یوسف قوم انصاری پیشہ خانہ داری عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مانگٹ اونچا ضلع حافظ آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-09-03 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔منصورہ یوسف گواہ شد نمبر 1 منور احمد ولد محمد حسین گواہ شد نمبر 2 عبدالحمید ولد عبدالکریم

مسل نمبر 108241 میں صائمہ بتول

زوجہ ظہیر عباس قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Pillo Wains ضلع خوشاب پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر مالیت-/50,000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔صائمہ بتول گواہ شد نمبر 1 محمد سرفراز شہید ولد عبدالرشید گواہ شد نمبر 2 باقر علی ولد گل شیر

مسل نمبر 108242 میں صداقت علی

ولد بشارت علی قوم بھٹی پیشہ بے روزگار عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Kalsian Bhattiyan ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔صداقت علی گواہ شد نمبر 1 حق نواز ولد سرفراز خان گواہ شد نمبر 2 ہارون الرشید ولد ارشد حمید

مسل نمبر 108243 میں عقیل اسلم

ولد محمد اسلم قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Kalsian Bhattiyan ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔عقیل اسلم گواہ شد نمبر 1 حق نواز ولد سرفراز خاں گواہ شد نمبر 2 عدیل اسلم ولد محمد اسلم

مسل نمبر 108244 میں شکیل اسلم

ولد محمد اسلم قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Kalsian Bhattiyan ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔شکیل اسلم گواہ شد نمبر 1 حق نواز ولد سرفراز خاں گواہ شد نمبر 2 عدیل اسلم بھٹی ولد محمد اسلم

مسل نمبر 108245 میں نثار احمد

ولد عبدالستار قوم مغل پیشہ ملازمتیں عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن صفدر آباد ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-08-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/7000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔نثار احمد گواہ شد نمبر 1 راشد محمود ولد محمد اعجاز گواہ شد نمبر 2 حافظ منظور احمد چیمہ ولد احسان اللہ خالد

مسل نمبر 108246 میں رضوان احمد مبارز

